AQA

# GCSE
# URDU

**H**

## Higher Tier Paper 1 Listening Test Transcript

Time allowed: 45 minutes approximately
(including 5 minutes' reading time before the test)

**FOR INVIGILATOR'S USE ONLY**

**The pauses are pre-recorded for this test.**

This is what you should do for each item.

- After the question number is announced, there will be a pause to allow you to read the instructions and questions.
- Listen carefully to the recording and read the questions again.
- Listen to the recording again, and then answer the questions.
- When the next question is about to start you will hear a bleep like this (*).
- You may write at any time during the test.
- In **Section A**, answer the questions in **English**. In **Section B**, answer the questions in **Urdu**.
- You must answer **all** the questions in the spaces provided. Do **not** write outside the box around each page or on blank pages.
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.
- **Ask any questions now. You must not ask questions or interrupt during the test.***
- You now have five minutes to read through the question paper. You may make notes during this time. You may open your answer book now.
- **The test starts now.**

Once the test has started, the invigilator must not pause it **at any time** as all pauses, including the five minutes' reading time, are pre-recorded.

*If candidates ask any questions at this point, the invigilator should pause the recording until the questions have been answered. The recording should then be restarted.

## Section A

Questions and answers in **English**

| 0 | 1 |
|---|---|

**M2** آج کل آپ آسانی سے آن لائن اپنی ضرورت کا سامان خرید سکتے ہیں۔ لیکن غلط سامان ملنے اور آپ کے بینک کارڈ کی تفصیلات کے چوری ہونے کا ہمیشہ خطرہ رہتا ہے۔

| 0 | 2 |
|---|---|

**F2** اب اسکولوں میں اساتذہ کے پڑھانے سے لے کر کتابوں تک سب الیکٹرونک ہو گیا ہے لیکن طالب علموں کے لیے زیادہ دیر تک کمپیوٹر پر کام کرنا صحت کے لیے اچھا نہیں ہے۔

| 0 | 3 |
|---|---|

**F1** فرزانہ بیڈمنٹن کھیلتی ہے۔ اگر اسے فٹ بال کھیلنے کا موقع مل جائے تو فوراً تیار ہو جاتی ہے۔

**M1** سلیم بالکل بھی پیسے ضائع نہیں کرتا۔ پہلے پیسے بچاتا ہے، پھر فلم دیکھنے جاتا ہے۔

**F2** شیلا پیسے سوچ سمجھ کر خرچ نہیں کرتی وہ اپنی سہیلیوں کو مہنگے تحفے دیتی رہتی ہے۔

| 0 | 4 |
|---|---|

**F1** پچھلے کئی سالوں میں پڑھے لکھے نوجوانوں کی کمی تھی۔ آج کل نوجوانوں کے لیے نوکریاں بھی بہت کم ہیں۔ اب پاکستان کی حکومت نوجوانوں کے مستقبل کے لیے بہت کوشش کر رہی ہے لیکن اس بات کا ڈر ہے کہ اُس وقت تک پڑھے لکھے نوجوان مستقبل میں اپنے کام کے بارے میں ناامید نہ ہو جائیں۔

| 0 | 5 |
|---|---|

**F2** کچھ پاکستانی گلوکاروں نے اپنی خوبصورت آواز کی وجہ سے بولی وڈ کی بہت سی فلموں کے گانے گائے ہیں جو بہت مشہور ہوئے ہیں۔ خاص طور پر ان کی موسیقی بہت پسند کی گئی ہے۔

| 0 | 6 |
|---|---|

**F2** پاکستانی علاقائی موسیقی اور گانے بھارت کے علاوہ ساری دنیا میں بہت پسند کیے جاتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 0 7 | M2 | ناظمہ، تم نے پچھلی چھٹیاں کہاں گزاریں؟ |
| | F2 | مجھے پچھلی چھٹیوں میں اپنی سہیلیوں کے ساتھ اسپین جانا تھا لیکن مجھے اپنے خاندان کے ساتھ اپنے چچازاد بھائی کی شادی پر کراچی جانا پڑا۔ |
| | M2 | تم نے وہاں کیا کیا؟ |
| | F2 | میں کراچی کا خوبصورت ساحل سمندر دیکھنا چاہتی تھی مگر وقت کی کمی کی وجہ سے صرف رشتہ داروں سے ملاقات کر سکی اور کچھ خریداری کی۔ |
| 0 8 | M1 | آج کل دریا اور سمندر کا پانی صاف نہیں ہوتا کیونکہ فیکٹریوں اور شہری آبادیوں کا گندا پانی غیر قانونی طور پر ان میں پھینک دیا جاتا ہے۔ جس سے مچھلیوں اور دوسرے پانی کے جانوروں کو نقصان پہنچتا ہے۔ |
| 0 9 | F1 | جو لوگ دریا اور سمندر میں نہاتے ہیں وہ اکثر پانی میں آلودگی کی وجہ سے مختلف بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ |
| 1 0 | F2 | دنیا بھر میں آلودہ پانی کو دریاؤں اور سمندروں میں پھینکنے کی بجائے صاف کر کے قابلِ استعمال بنانا چاہیے۔ |
| 1 1 | M1 | پاکستان میں اکثر اوقات لڑکی کی شادی پر لڑکے والے جہیز میں بہت زیادہ مہنگی چیزیں ساتھ لانے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ غریب والدین کو ادھار لے کر یہ چیزیں اپنی بیٹی کو دینی پڑتی ہیں اس طرح انہیں بہت زیادہ خرچ کرنا پڑتا ہے۔ |
| 1 2 | F2 | مشرقی معاشرے میں کئی لوگ اپنے بیٹوں کی شادی پر جہیز لینے کو برا نہیں سمجھتے کیونکہ ان کے مطابق انہوں نے ان کی تعلیم و تربیت پر بہت خرچ کیا ہوتا ہے۔ |
| 1 3 | M2 | حقیقت تو یہ ہے کہ اچھے گھرانوں کے والدین بھی اپنی بیٹیوں کی تعلیم و تربیت پر اُتنا ہی خرچ کرتے ہیں جتنا لڑکے والے۔ اس لیے ان سے جہیز لانے کا کہنا درست نہیں ہے۔ |

**Turn over ▶**

| 1 | 4 | F1 | سوشل میڈیا پاکستانی نوجوانوں کی زندگی میں ایک اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ وہ اس سے اپنے دوستوں کے ساتھ رابطے میں رہنے کے علاوہ ہر روز کے کاموں میں بھی فائدہ حاصل کرتے ہیں۔ |
|---|---|---|---|
| 1 | 5 | M1 | آجکل بجلی سے چلنے والی کاروں کے استعمال سے ماحول پر اچھا اثر پڑ رہا ہے لیکن انہیں دوبارہ چارج کرنے کی سہولت زیادہ نہ ہونے کی وجہ سے ان کا استعمال کم فاصلے تک ہی کیا جا سکتا ہے۔ |
| 1 | 6 | F2 | اگرچہ سوشل میڈیا کی وجہ سے آج کل نوجوانوں کی عام زندگی میں کچھ اچھی تبدیلیاں آگئی ہیں۔ مگر اب اکثر نوجوان اپنا زیادہ تر وقت دوستوں کی بجائے ایسے لوگوں کے ساتھ گزارتے ہیں جن کو وہ جانتے ہی نہیں جو کہ اچھی بات نہیں ہے۔ |
| 1 | 7 | M2 | بغیر ڈرائیور کے چلنے والی کاروں کے ٹیسٹ کرنے کے دوران بدقسمتی سے چند کاریں حادثے کا شکار ہو گئی ہیں۔ |
| 1 | 8 | F1 | برطانیہ میں بے گھر افراد کی تعداد میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے۔ بے روزگاری کی وجہ سے کئی لوگ قرض لیتے ہیں لیکن وقت پر اس کی ادائیگی نہیں کر پاتے۔ حیران کن بات یہ ہے کہ خاندانی لڑائی جھگڑے بھی لوگوں کے بے گھر ہونے کی ایک اور بڑی وجہ ہیں۔ |
| 1 | 9 | F2 | کھیل طالب علموں کی ذہنی نشو نما کے لیے بہت ضروری ہیں کیونکہ ذہنی اور جسمانی ورزش سے ان کی تعلیم پر اچھا اثر پڑتا ہے۔ اس کے علاوہ دوسروں کے ساتھ کھیلنے سے ان میں ایک دوسرے کے ساتھ کام کرنے کی صلاحیت میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔<br><br>کچھ کھلاڑی اپنی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے غیر قانونی دوائیں استعمال کرتے ہیں جو کہ باقی کھلاڑیوں کے ساتھ نہ صرف ناانصافی ہے بلکہ یہ ان کھلاڑیوں کی اپنی صحت کے لیے بھی بے حد نقصان دہ ہو سکتا ہے۔ |

**2 0** **F1** گل، تم ماحول کو بہتر بنانے کے لیے کیا کرنا چاہتی ہو؟

**F2** ہم سب کو مل کر درخت لگانے چاہئیں تاکہ اپنے ملک کو درختوں کی کمی کی وجہ سے ہونے والی موسم کی تبدیلی سے بچا سکیں۔اور تم فہمیدہ؟

**F1** میں محلے کے لوگوں کو اپنے گھر میں صفائی رکھنے کا طریقہ سکھانا چاہتی ہوں۔اور تم احمد؟

**M2** میں اسکول کے بچوں کو مختلف چیزیں ری سائیکل کرنے کا طریقہ سکھانا چاہتا ہوں۔

**2 1** **M1** میں جاوید ہوں۔ میں نے اپنے شہر میں بچوں کے فنڈ کے لیے لمبے فاصلے کی دوڑ میں حصہ لیا۔اور شمیم تم نے کیا کیا؟

**F1** جاوید، میں نے اپنی سہیلیوں کے ساتھ مل کر غریب بچوں کے اسکول یونیفارم کے لیے پیسے جمع کیے۔ اور تم کرامت؟

**M2** ہم سب دوست مل کر ہر مہینے محلے کے غریب خاندانوں کی ضروریات اور کھانے پینے کا سامان خرید کر ان کے گھر بھجواتے ہیں۔

**2 2** **F2** پاکستان کے ریگستانی علاقے چولستان کی ایک حیران کن بات یہ ہے کہ یہاں ہر سال سردیوں کے موسم میں شمال سے چند خاص قسم کے پرندے آتے ہیں جو کچھ عرصہ کے لیے یہاں ٹھہرتے ہیں اس دوران عرب ریاستوں کے سیاح ان کا شکار کھیلنے کے لیے آجاتے ہیں۔ یہ عرب سیاح اپنے ساتھ تربیت یافتہ شکاری لے کر آتے ہیں جو ان پرندوں کا شکار کرتے ہیں۔

**Turn over for Section B**

## Section B

Questions and answers in **Urdu**

**2 3**

**F1** موسیٰ، تم مستقبل میں کیا کرنا چاہتے ہو؟

**M1** میں استاد بننے کی بجائے اپنا ذاتی کاروبار شروع کروں گا۔

**M2** ماہ جبین، تمہارے کیا ارادے ہیں؟

**F2** میں نرس بننے کے بعد ڈاکٹری کی تعلیم حاصل کروں گی۔

**2 4**

**M1** فروری 2020 میں پاکستان اور انڈیا کے درمیان لاہور میں کبڈی کے عالمی کپ فائنل کا مقابلہ ہوا۔ دونوں ٹیموں نے شاندار کھیل پیش کیا۔
میچ کے آخری حصے میں پاکستان کی ٹیم نے انڈیا کی ٹیم کو دو پوائنٹ سے ہرا کر کبڈی کا عالمی کپ جیت لیا۔

**2 5**

**M1** شاہین، گرمیوں میں عرب ممالک میں رمضان کا مہینہ کیسے مناتے ہیں؟

**F1** رمضان میں زیادہ تر مسلمان دن میں روزہ رکھتے ہیں۔ اس لیے اپنے کام اور آرام کے اوقات تبدیل کر لیتے ہیں۔ گرمیوں میں عرب ممالک کے مسلمان رات بھر جاگ کر صبح کی نماز کے بعد سوتے ہیں۔ اس لیے ان کے دفتر، دکانیں اور بازار دوپہر دو بجے کے بعد ہی کھلتے ہیں۔

**2 6**

**F2** اکثر نوجوان پہلے سے تیار کیے ہوئے کھانے اور پینے کی چیزیں استعمال کرنے سے پہلے ان کے لیبل پر لکھی ہوئی کیلوریز پڑھ کر اپنی صحت کے بارے میں اطمینان کر لیتے ہیں۔ حالانکہ پہلے سے تیار کیے گئے زیادہ تیل والے اور چینی سے بھرپور کھانوں کی بجائے تازہ اور سادہ کھانے صحت کے لیے زیادہ مفید ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ آرام آرام سے کھانا اور کھانے کے دوران باتیں نہ کرنا ایک اچھی عادت ہے۔

**END OF TEST**

**There is no text printed on this page**

**There is no text printed on this page**

**Copyright information**

For confidentiality purposes, all acknowledgements of third-party copyright material are published in a separate booklet. This booklet is published after each live examination series and is available for free download from www.aqa.org.uk.

Permission to reproduce all copyright material has been applied for. In some cases, efforts to contact copyright-holders may have been unsuccessful and AQA will be happy to rectify any omissions of acknowledgements. If you have any queries please contact the Copyright Team.

Copyright © 2021 AQA and its licensors. All rights reserved.